# نحنُ انصاراللہ




نومبر، دسمبر 2025ء، جمادی الاول، جمادی الثانی 1447ھ، نبوت، فتح 1404ش

www.nahnuansarullah.ca

**نگران**
عبدالحمید وڑائچ صدر مجلس انصاراللہ کینیڈا

**مدیرِ اعلیٰ**
سہیل احمد ثاقب نائب صدر مجلس انصاراللہ کینیڈا

**مینیجر**
محمد موسیٰ قائد اشاعت مجلس انصاراللہ کینیڈا

**مدیران**
غلام مصباح بلوچ نائب صدر صفِ دوم مجلس انصاراللہ کینیڈا
ڈاکٹر حمید احمد مرزا۔ معتز القزق

**معاونین،**
کاشف بن ارشد نائب قائد اشاعت مجلس انصاراللہ کینیڈا ، مسعود احمد نائب قائد اشاعت مجلس انصاراللہ کینیڈا
ثاراے شمس ڈاکٹر محی الدین مرزا، ظفر ندیم، منصور چغتائی


# خصوصی دعاؤں کی تحریک

امیرالمومنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ کے ایک رؤیا کی روشنی میں احباب جماعت کو خصوصی دعاؤں کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا: اگر احباب جماعت مندرجہ ذیل دعاؤں کا ورد کریں گے تو ایک محفوظ قلعے میں محفوظ ہو جائیں گے جہاں شیطان کبھی داخل نہیں ہوسکتا۔ اس قلعے کی دیواریں لوہے کی ہیں اور آسمان تک پہنچی ہوئی ہیں۔ پس کوئی سوراخ ایسا نہیں رہے گا جہاں سے شیطان حملہ کر سکے۔

نمبر1: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ

ہر بڑا فرد جماعت 200 دفعہ روزانہ پڑھے

15 سے 25 سال کے ممبران جماعت (کم از کم) 100 دفعہ روزانہ پڑھیں

بچے (کم از کم) 33 دفعہ روزانہ پڑھیں

چھوٹی عمر کے بچے تین، چار دفعہ روزانہ (والدین پڑھائیں)

نمبر 2: استغفار (اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّي مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ)

100 دفعہ روزانہ

حضور انور نے فرمایا: اسی طرح میں یہ بھی شامل کرتا ہوں

نمبر 3: رَبِّ کُلُّ شَيْءٍ خَادِمُكَ رَبِّ فَاحْفَظْنِي وَانْصُرْنِي وَارْحَمْنِي

100 دفعہ روزانہ

حضور انور ایدہ اللہ نے مزید فرمایا: ان دنوں میں جبکہ شیطان ہر حیلے سے بحیثیت جماعت بھی اور مجموعی طور پر ہمارے پر حملے کرنے کی کوشش کر رہا ہے، عمومی طور پر دنیا میں بھی اس سے بچنے کے لیے ایک ہی ذریعہ ہے کہ خاص طور پر دعاؤں پر زور دیں اور صرف جلسے کے دنوں میں نہیں بلکہ ہمیشہ کے لیے یہ درود شریف اور ذکر الٰہی، یہ ورود اپنی زندگیوں کا حصہ بنالیں اور اس پر ہر ایک کو، بچے کو، بڑے کو، عورت کو، مرد کو، سب کو توجہ دینی چاہیے۔

(خطبہ جمعہ 23 اگست 2024)


بین الاقوامی اشاعت حوالہ نمبر ISSN 2560-886X (Print) ISSN 2560-8878 (Online)
رابطہ : editor@ansar.ca / ishaat@ansar.ca / Tel: 905-417-1800

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# فہرست مضامین




قال اللہ عزّ وجل — 1



قال الرسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم — 2



کلام المہدی علیہ السلام — 3



فارسی منظوم کلام حضرت مسیح موعود علیہ السلام — 4



کلام الامام ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز — 5



”ہر ایک احمدی کو قلم اور زبان چلانے کی مشق کرنی چاہیے“
حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ — 6



مبلغین احمدیت
محترم مولانا مبارک علی صاحب بی اے بی ٹی۔ مبلغ انگلستان و جرمنی — 9



رپورٹ 38 واں سالانہ اجتماع مجلس انصار اللہ کینیڈا
سہیل احمد ثاقب، ناظمِ اعلیٰ اجتماع 2025 — 14



دوسرا انیشنل تعلیم کوئز اور مقابلہ بیت بازی
زیر اہتمام قیادت تعلیم مجلس انصار اللہ کینیڈا (خالد محمود شرما۔ قائد تعلیم مجلس انصار اللہ کینیڈا) — 23



مجلس انصار اللہ کینیڈا کے شعبہ اشاعت کی سالانہ رپورٹ
خدمتِ دین کے لیے جدید ذرائع ابلاغ کا مؤثر استعمال شعبہ اشاعت، مجلس انصار اللہ کینیڈا (خالد محمود شرما۔ قائد تعلیم مجلس انصار اللہ کینیڈا) — 25



مجلس انصار اللہ کینیڈا کی چار قابلِ ذکر املاک — 27



زاویۃ العرب — 29



# قال اللہ عزّ وجل

*Pic Ref: https://www.pexels.com/*

فَاِذَا نُفِخَ فِی الصُّوۡرِ فَلَاۤ اَنۡسَابَ بَیۡنَہُمۡ یَوۡمَئِذٍ وَّلَا یَتَسَآءَلُوۡنَ ﴿۱۰۲﴾ فَمَنۡ ثَقُلَتۡ
مَوَازِیۡنُہٗ فَاُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿۱۰۳﴾ وَمَنۡ خَفَّتۡ مَوَازِیۡنُہٗ فَاُولٰٓئِکَ الَّذِیۡنَ خَسِرُوۡۤا
اَنۡفُسَہُمۡ فِیۡ جَہَنَّمَ خٰلِدُوۡنَ ﴿۱۰۴﴾ تَلۡفَحُ وُجُوۡہَہُمُ النَّارُ وَہُمۡ فِیۡہَا کٰلِحُوۡنَ ﴿۱۰۵﴾ اَلَمۡ تَکُنۡ
اٰیٰتِیۡ تُتۡلٰی عَلَیۡکُمۡ فَکُنۡتُمۡ بِہَا تُکَذِّبُوۡنَ ﴿۱۰۶﴾ قَالُوۡا رَبَّنَا غَلَبَتۡ عَلَیۡنَا شِقۡوَتُنَا وَکُنَّا
قَوۡمًا ضَآلِّیۡنَ ﴿۱۰۷﴾ رَبَّنَاۤ اَخۡرِجۡنَا مِنۡہَا فَاِنۡ عُدۡنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوۡنَ ﴿۱۰۸﴾ قَالَ اخۡسَـُٔوۡا فِیۡہَا وَلَا
تُکَلِّمُوۡنِ ﴿۱۰۹﴾ اِنَّہٗ کَانَ فَرِیۡقٌ مِّنۡ عِبَادِیۡ یَقُوۡلُوۡنَ رَبَّنَاۤ اٰمَنَّا فَاغۡفِرۡ لَنَا وَارۡحَمۡنَا وَاَنۡتَ
خَیۡرُ الرّٰحِمِیۡنَ ﴿۱۱۰﴾ فَاتَّخَذۡتُمُوۡہُمۡ سِخۡرِیًّا حَتّٰۤی اَنۡسَوۡکُمۡ ذِکۡرِیۡ وَکُنۡتُمۡ مِّنۡہُمۡ
تَضۡحَکُوۡنَ ﴿۱۱۱﴾ اِنِّیۡ جَزَیۡتُہُمُ الۡیَوۡمَ بِمَا صَبَرُوۡۤا ۙ اَنَّہُمۡ ہُمُ الۡفَآئِزُوۡنَ ﴿۱۱۲﴾

(سورۃ المومنون آیات 201 تا 211)

ترجمہ: پس جب بگل میں پھونکا جائے گا تو اس دن ان کے درمیان کوئی رشتے نہیں رہیں گے اور نہ ہی وہ ایک دوسرے سے سوال کر سکیں گے۔ پس وہ جس کے (اعمال کے) پلڑے بھاری ہوئے تو یہی لوگ ہیں جو کامیاب ہونے والے ہیں۔ اور وہ جن کے (اعمال کے) پلڑے ہلکے ہوئے تو یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو نقصان پہنچایا۔ جہنم میں وہ لمبے عرصہ تک رہنے والے ہوں گے۔ آگ ان کے چہروں کو جھلسائے گی اور اس میں (چہرے کے اذیت ناک کھچاؤ سے) ان کی کچلیاں نظر آنے لگیں گی۔ کیا تم پر میری آیات نہیں پڑھی جاتی تھیں؟ پس تم انہیں جھٹلایا کرتے تھے۔ وہ کہیں گے اے ہمارے ربّ! ہم پر ہماری بدنصیبی غالب آگئی اور ہم ایک گمراہ قوم تھے۔ اے ہمارے ربّ! ہمیں اس سے نکال دے۔ پس اگر ہم پھر ایسا کریں تو یقیناً ہم ظلم کرنے والے ہوں گے۔ وہ کہے گا اسی میں دفع ہو جاؤ اور مجھ سے کلام نہ کرو۔ یقیناً میرے بندوں میں سے ایک ایسا فریق بھی تھا جو کہا کرتا تھا۔ اے ہمارے ربّ! ہم ایمان لے آئے۔ پس ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر اور تو رحم کرنے والوں میں سب سے بہتر ہے۔ پس تم نے انہیں تمسخر کا نشانہ بنا لیا یہاں تک کہ انہوں نے تمہیں میری یاد سے غافل کر دیا اور تم ان سے ٹھٹھا کرتے رہے۔ یقیناً آج میں نے ان کو اُس کی، جو وہ صبر کیا کرتے تھے، یہ جزا دی ہے کہ یقیناً وہی ہیں جو کامیاب ہونے والے ہیں۔

# قال الرسول ﷺ




عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الآيَةُ ‏{‏يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لاَ تَرْفَعُوا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ‏}‏ اِلَى آخِرِ الآيَةِ جَلَسَ ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ فِي بَيْتِهِ وَقَالَ اَنَا مِنْ اَهْلِ النَّارِ ‏.‏ وَاحْتَبَسَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَسَاَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ فَقَالَ ‏"‏ يَا اَبَا عَمْرٍو مَا شَاْنُ ثَابِتٍ اَشْتَكَى ‏"‏ ‏.‏ قَالَ سَعْدٌ اِنَّهُ لَجَارِي وَمَا عَلِمْتُ لَهُ بِشَكْوَى ‏.‏ قَالَ فَاَتَاهُ سَعْدٌ فَذَكَرَ لَهُ قَوْلَ رَسُولِ الله صلى الله عليه وسلم فَقَالَ ثَابِتٌ اُنْزِلَتْ هَذِهِ الآيَةُ وَلَقَدْ عَلِمْتُمْ اَنِّي مِنْ اَرْفَعِكُمْ صَوْتًا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم فَاَنَا مِنْ اَهْلِ النَّارِ ‏.‏ فَذَكَرَ ذَلِكَ سَعْدٌ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم ‏"‏ بَلْ هُوَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ ‏.‏"

(صحیح مسلم کتاب الایمان باب نمبر (25)باب مَخَافَةِ الْمُؤْمِنِ اَنْ يَحْبَطَ عَمَلُهُ)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب آیت {يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لاَ تَرْفَعُوا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ} (یعنی اے لوگو جو ایمان لائے ہو! نبی کی آواز پر اپنی آوازیں بلند نہ کیا کرو) تو حضرت ثابت بن قیسؓ اپنے گھر میں ہی بیٹھ رہے اور کہا کہ میں آگ والوں میں سے ہوں۔ اور آنحضرت ﷺ کی مجلس میں جانے سے رک گئے۔ اس پر نبیؐ نے حضرت سعد بن معاذؓ سے پوچھا اور فرمایا: اے ابو عمرو! ثابتؓ کا کیا حال ہے؟ کیا وہ بیمار ہے؟ حضرت سعدؓ نے کہا: وہ میرا ہمسایہ ہے اور مجھے ان کی بیماری کا علم نہیں۔ راوی کہتے ہیں کہ حضرت سعدؓ اُن کے پاس گئے اور رسول اللہ ﷺ کی بات کا ذکر کیا۔ اس پر حضرت ثابتؓ نے کہا: یہ آیت نازل ہوئی ہے اور تم لوگ جانتے ہو کہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے میری آواز تم سب سے اونچی ہوتی ہے، اس لیے میں آگ والوں میں سے ہوں۔ حضرت سعدؓ نے یہ بات نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ذکر کر دی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نہیں بلکہ وہ تو جنتیوں میں سے ہے۔




حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

”۔۔۔کسی قدر عربی الہامات جو بعض عظیم الشان پیشگوئیوں اور احساناتِ الٰہیہ پر مشتمل ہیں، ذیل میں معہ ترجمہ لکھے جاتے ہیں تا کہ اگر خدا چاہے تو طالب صادق کو ان سے فائدہ ہو اور تا مخالفوں کو بھی معلوم ہو کہ جس قوم پر خداوند کریم کی نظر عنایت ہوتی ہے اور جو لوگ راہ راست پر ہوتے ہیں ان سے کیونکر خداوند کریم اپنے مکالمات اور مخاطبات میں بہ مہربانی پیش آتا ہے اور کیونکر ان تفضّلات سے پیش از وقوع اطلاع دیتا ہے جن کو اس نے لطف محض سے اپنے وقتوں پر طیار رکھا ہے .....اور حقیقی طور پر مصداق ان سب عنایات کا آنحضرت ﷺ ہیں اور دوسرے سب طفیلی ہیں اور اس بات کو ہر جگہ یاد رکھنا چاہئے کہ ہر یک مدح و ثنا جو کسی مومن کے الہامات میں کی جائے وہ حقیقی طور پر آنحضرت ﷺ کی مدح ہوتی ہے اور وہ مومن بقدر اپنی متابعت کے اس مدح سے حصہ حاصل کرتا ہے اور وہ بھی محض خدائے تعالیٰ کے لطف اور احسان سے، نہ کسی اپنی لیاقت اور خوبی سے۔ پھر بعد اس کے فرمایا فحان انت وجیہ فی حضرتی اخترتك لنفسی۔تو میری درگاہ میں وجیہ ہے میں نے تجھے اپنے لئے اختیار کیا۔ انت منی بمنزلۃ توحیدی و تفریدی فحان ان تعان و تُعرف بین الناس۔تو مجھ سے ایسا ہے جیسا میری توحید اور تفرید۔سو وہ وقت آ گیا جو تیری مدد کی جائے اور تجھ کو لوگوں میں معروف و مشہور کیا جائے۔ هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنسانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُن شَيْئًا مَّذْكُورًا۔ کیا انسان پر یعنی تجھ پر وہ وقت نہیں گزرا کہ تیرا دنیا میں کچھ بھی ذکر و تذکرہ نہ تھا یعنی تجھ کو کوئی نہیں جانتا تھا کہ تو کون ہے اور کیا چیز ہے اور کسی شمار و حساب میں نہ تھا یعنی کچھ بھی نہ تھا۔ یہ گزشتہ تلطّفات و احسانات کا حوالہ ہے تا محسن حقیقی کے آئندہ فضلوں کے لئے ایک نمونہ ٹھہرے۔“

(براہین احمدیہ حصہ چہارم، روحانی خزائن جلد 1 صفحہ 577 تا 582 حاشیہ)



Pic Ref: Johanna Jordan/ Unsplash

# فارسی منظوم کلام حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام

الا اے کہ ہشیاری و پاک زاد　　پئے حرص دنیا مدہ دیں بباد

خبردار! اے سمجھدار اور نیک فطرت انسان دنیا کے لالچ کے پیچھے دین کو برباد نہ کر

بدیں دارِفانی دلِ خود مبند　　کہ دارد نہاں راحتش صد گزند

اس فانی دنیا سے اپنا دل نہ لگاؤ کہ اس کے آرام میں سینکڑوں دکھ پوشیدہ ہیں

اگر باز باشد ترا گوشِ ہوش　　زِ گورت ندائے درآید بگوش

اگر تیرے ہوش کے کان کھلے ہوں تو تجھے اپنی قبر سے یہ آواز سنائی دے

برست آنکہ بر موت دارد نگاہ　　بریدہ زِ دنیا، دو دیدہ براہ

راہ راست پر وہی ہے جو موت پر نظر رکھتا ہے دنیا سے کنارہ کر کے جس کی دونوں آنکھیں (موت) کے انتظار میں لگی ہیں

سفر کردہ پیش از سفر سوئے یار　　کشیدہ زِ دنیا ہمہ رخت و بار

مرنے سے پہلے ہی وہ محبوب کی طرف سفر کر گیا اور دنیا سے اپنا سب سامان اور اسباب نکال کر الگ کر لیا

پئے دارِ عُقبیٰ کمر بستہ چُست　　رہا کردہ سامان ایں خانہ سُست

آخرت کے لئے اپنی کمر کس کر باندھ لی اور اس نکمے گھر(دنیا) کا سامان چھوڑ دیا

چوکارِ حیات است کارے نہاں　　ہماں بہ کہ دل بگسلی زیں مکاں

چونکہ زندگی کا کچھ اعتبار نہیں اس لئے یہی مناسب ہے کہ تو اِس مکاں(دنیا) سے دل چھڑا لے

چو آخر زِ دنیا سفر کردن است　　چو روزے ازیں رہ گذر کردن است

آخرکار دنیا سے سفر کرنا ہی پڑے گا اور ایک دن اس دنیا سے گزر کر جانا ہی ہو گا

(انتخاب از رسالہ الوصیت، روحانی خزائن جلد ۲۰ صفحہ ۳۲۲)




# کلام الامام ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 9/ستمبر 2005ء بمقام مسجد نصرت جہاں کوپن ہیگن ڈنمارک، میں فرماتے ہیں:

’’کہتے ہیں ایک بوڑھا جو آگ کو پوجنے والا تھا، شدید بارش کے دنوں میں ایک دفعہ جبکہ کئی دن سے بارش پڑ رہی تھی، ہر طرف پانی ہی پانی کھڑا تھا، پرندوں کو دانہ کھانے کے لئے کوئی جگہ میسر نہیں تھی۔ تو وہ بوڑھا آتش پرست اپنے گھر کی چھت پہ کھڑا پرندوں کو دانہ ڈال رہا تھا، دانہ چھینک رہا تھا کہ پرندے آکے کھالیں۔ کسی نے دیکھ کر کہا کہ تم آتش پرست ہو، تمہیں اس کا کیا ثواب ملے گا، اگر مسلمان ہوتے تو اس نیکی کا ثواب بھی تمہیں ملتا۔ اس آتش پرست نے، آگ کو پوجنے والے نے کہا کہ ثواب تم نے تو نہیں دینا، تمہیں کیا پتہ خدا میرے ساتھ کیا سلوک کرے، کیونکہ ہر مذہب والے کے دل میں فطرتی طور پر خدا کا تصور بہر حال ہوتا ہے۔ پھر ایک دفعہ یہی مسلمان جس نے اس آتش پرست کو یہ بات کہی تھی، حج کرنے گیا تو یہ دیکھ کر حیران رہ گیا کہ وہ آتش پرست بھی وہاں حج کر رہا تھا۔ اس نے پوچھا تم یہاں کس طرح آگئے؟ تو اس آتش پرست نے جواب دیا کہ مَیں نے تمہیں نہیں کہا تھا کہ اگر یہ میری نیکی ہے تو اس کا اجر مجھے ضرور ملے گا۔ دیکھو اللہ تعالیٰ نے اسلام قبول کرنے کی صورت میں اس کا اجر مجھے دیا اور آج میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے حج بھی کر رہا ہوں اور ایمان کی دولت سے مالا مال ہوں۔ تو اللہ تعالیٰ چھوٹی سے چھوٹی نیکی کو بھی ضائع نہیں کرتا۔ پس جن کو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانہ میں احمدیت قبول کرنے کی توفیق ملی، حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صحبت کی توفیق ملی، آپ سے براہ راست فیض پانے کی توفیق ملی اور یوں اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق، اللہ تعالیٰ کے وعدہ کے مطابق عمل کر کے پہلوں یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے سے ملنے کی توفیق پائی اور اس طرح صحابہ کا درجہ پایا پس یقیناً ان میں نیکی تھی۔ ان میں اسلام کی گرتی ہوئی حالت دیکھ کر ایک فکر کی کیفیت تھی۔ ان میں خدا تعالیٰ کا قرب پانے کی ایک تڑپ تھی۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے ان کی نیکیوں اور ان کی اس تڑپ کی کیفیت کو دیکھتے ہوئے ان کو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ماننے، آپ پر ایمان لانے اور پھر اس ایمان پر مضبوط ہوتے چلے جانے کی توفیق عطا فرمائی۔ پھر خلافت اولیٰ اور خلافت ثانیہ کے ابتدائی زمانے میں آپ میں سے بعض کے باپ دادا نے، بزرگوں نے بیعت کی، احمدیت قبول کی۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو احمدیت قبول کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔ پس ان بزرگوں نے ان نیکیوں کا صلہ پایا جو انہوں نے پہلے کبھی کی تھیں۔ اور یقیناً انہوں نے یہ دعائیں بھی کی ہوں گی کہ ان کی اولادیں بھی اس نعمت سے فیضیاب ہوتی رہیں جو اللہ تعالیٰ نے انہیں عطا فرمائی ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانے میں آپ کے ماننے والوں کی معاشی حالت اتنی اچھی نہیں تھی بلکہ اکثریت معاشی لحاظ سے، مالی لحاظ سے کمزور طبقے سے آئے ہوؤں کی تھی۔ اور انبیاء کو عموماً معاشی لحاظ سے کمزور لوگ ہی مانتے ہیں۔ کیونکہ عموماً ان میں خوف خدا زیادہ ہوتا ہے۔ بہر حال بات ہو رہی تھی ان پہلے ایمان لانے والوں کی جن کی آپ میں سے اکثریت اولادیں ہیں۔ آج ان مغربی ملکوں میں آ کر آپ کے معاشی حالات پہلے سے بہت بہتر ہو گئے ہیں۔ لیکن ان معاشی حالات کی بہتری یا آپ کے کاروباروں یا کام میں زیادتی آپ کو ان نیکیوں سے دور نہ لے جائے جن کی وجہ سے آپ کے بزرگوں کو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ماننے کی توفیق ملی۔‘‘



# ’’ہر ایک احمدی کو قلم اور زبان چلانے کی مشق کرنی چاہیے‘‘ (حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ)

(قیادت تعلیم، مجلس انصار اللہ کینیڈا)

حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 18/ جنوری 1924ء میں فرمایا:

’’آج میں جس بات کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ ہماری جماعت کے لوگوں کی خواہش ہے کہ اسلام تمام دنیا میں پھیل جائے۔ یہ ان کی خواہش سچی ہوتی ہے۔ جس وقت وہ اس خواہش کا اظہار کرتے ہیں۔ اس وقت ان کی آنکھوں میں ایک صداقت کی چمک ہوتی ہے۔ اور ان کے چہرے پر صداقت کے آثار ہوتے ہیں۔ ان کی آواز ان کے ہونٹ غرض ان کے چہرہ کی حالت بتاتی ہے کہ یہ بات ان کے دل سے نکل رہی ہے۔ جب میں ان کی یہ حالت دیکھتا ہوں تو سمجھتا ہوں کہ یہ خواہش سچی ہے۔ لیکن اس خواہش کے ساتھ جب میں یہ بھی دیکھتا ہوں کہ کوشش نہیں تو پھر حیران ہوتا ہوں کہ ان کی یہ خواہش کیسے پوری ہوسکتی ہے۔ ساری دنیا کو اسلام قبول کرانے کا کتنا بڑا کام ہے۔ یہ ساری دنیا سے جنگ ہے اور جب کہ ہم دیکھتے ہیں کہ ایک ایک ملک کے فتح کرنے کے لئے کتنی طاقت اور قوت کی ضرورت ہوتی ہے۔ تو اس کے لئے کسی قدر کوشش اور محنت کی ضرورت ہے ............ ہمارا جن سے مقابلہ ہے وہ تم سے کسی بھی میدان میں پیچھے نہیں ہٹنا چاہتے۔ اور تم ان کے مقابلے میں مٹھی بھر ہو۔ پھر وہ ایسے نہیں جو یوں میدان سے ہٹ جائیں کیا تم خیال کرتے ہو کہ عیسائی یونہی تمہاری باتیں مان لیں گے وہ چپہ چپہ نہیں چاول چاول بھر زمین پر تم سے مقابلہ کریں گے۔ وہ اپنے جھوٹے عقائد کو یونہی نہیں چھوڑیں گے۔ وہ ان کے لئے جنگ کریں گے اور اس وقت تک کریں گے جب تک ان کی مذہبی جنگ کی طاقت نہ ٹوٹ جائے گی۔ پس عقائد کا بدلنا کوئی آسان کام نہیں اور یہ عیسائیوں پر ہی موقوف نہیں یہی حال دیگر مذاہب کے لوگوں کا ہوگا۔ کیا تم خیال کرتے ہو۔ ہندو خوشی سے تمہارے ہم عقیدہ ہوجائیں گے۔ اور اپنے آپ کو اس لئے تمہارے سپرد کر دیں گے۔ کہ ہمیں اسلام سکھاؤ۔ وہ اپنے عقیدوں کی حفاظت کے لئے اپنا آخری پیسہ اور اپنے خون کا آخری قطرہ تک گرادیں گے۔ تب وہ مسلمان ہوں گے اور یہی حال سکھوں کا، چینیوں کا اور جاپانیوں کا ہوگا۔ تمہارے پاس خود بخود کوئی قوم نہیں آئے گی جو کہے کہ ہمیں مسلمان بنالو۔ ہر ایک سے مقابلہ کرنا پڑے گا۔.....

میں اس بات کو مانتا ہوں اور سب سے زیادہ مانتا ہوں کہ دعا سے کام ہوتا ہے لیکن قبولیت دعا کے لئے یہ ضروری ہے کہ خود انسان پہلے محنت کرے اس کے بعد دعا کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کی کمی کو پورا کر دیا جاتا ہے جب تک یہ نہ ہو کوئی کام نہیں ہوسکتا۔ ہم چاہتے ہیں کہ اسلام دنیا میں پھیل جائے اور صداقت پر لوگ جمع ہوجائیں لیکن اگر اس لڑائی کے لئے جن ہتھیاروں کی ضرورت ہے۔ جب تک ہم ان کو مہیا نہ کریں۔ کیسے کامیاب ہو سکتے ہیں بہرحال ہمیں وہ ہتھیار اور سامان مہیا کرنے چاہئیں۔ خواہ وہ دشمن کے مقابلہ میں کتنے ہی تھوڑے کیوں نہ ہوں اور اپنی ساری قوت اور طاقت اس کے لئے صرف کر دینی چاہئے۔ جب ہم ایسا کریں گے تو خدا تعالیٰ کی مدد اور نصرت ہمارے لئے نازل ہوگی۔ اور ہم ہر میدان میں فتح یاب ہوں گے.....

اسی طرح آج بھی اگر کوئی نادان یہ سمجھے کہ یوں ہی کام ہوجائے گا۔ تو یہ اس کی غلطی ہوگی۔ اس زمانہ کو خدا نے اشاعت ہدایت کا زمانہ قرار دیا ہے اور یہ زمانہ دلائل کا زمانہ

ہے۔تلوار کا نہیں آج جو جہاد ہوتا ہے۔ وہ تقریر اور تحریر سے کیا جاتا ہے۔ رسول کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے زمانہ میں جو شخص تلوار چلانا نہیں سیکھتا تھا۔ وہ قومی مجرم تھا۔ کیونکہ وہ زمانہ تلوار سے جہاد کرنے کا تھا۔ اور آج جو شخص تقریر اور تحریر میں مشق بہم نہیں پہنچاتا۔ وہ بھی مجرم ہے۔ آج جو شخص اپنی زبان اور اپنے قلم کو تیز نہیں کرتا وہ اس زمانہ کی جنگ کے لئے گویا نہ تلوار کو تیز کرتا ہے نہ اس کو استعمال کرنا سیکھتا ہے۔ اس لئے اگر اس کے دل میں اشاعت اسلام کی خواہش اور تمنا ہے۔ تو یہ سچی تمنا نہیں۔ بلکہ جھوٹی ہے۔ کیونکہ جو شخص دشمن پر فتح پانے کے لئے جاتا ہے وہ نہتا نہیں جایا کرتا بلکہ جس قدر اس سے ممکن ہوتا ہے لڑائی کا سامان لے کر جاتا ہے۔ اسی طرح اس جنگ کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ جو اس میں کامیابی حاصل کرنے کی خواہش رکھتا ہو، وہ ان سامانوں کو مہیا کرے جو اس میں فتح پانے کے لئے ضروری ہیں اور اس کے بعد خدا کی نصرت کا امیدوار رہے۔ قرآن کریم میں مقابلہ کے لئے تیاری نہ کرنے والوں کو منافق قرار دیا گیا ہے کہ وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً (التوبہ:46) اگر ارادہ کرتے مخالف کے مقابلہ میں نکلنے کا تو یقیناً اس کے لئے پہلے سے کچھ سامان بھی تیار کرتے۔ چونکہ وہ تیاری نہیں کرتے۔ اس لئے معلوم ہوا کہ ان کا ارادہ ہی نہیں ہوتا اور جو کچھ وہ کہتے ہیں وہ صرف ان کی زبانی باتیں ہوتی ہیں۔ جو قوم پہلے سے تیار نہیں ہوتی وہ وقت پر کبھی کامیاب نہیں ہوسکتی۔ جیسا کہ میں نے بتایا ہے یہ زمانہ دلائل اور براہین سے اشاعت اسلام کرنے کا ہے۔ اس لئے اگر ہماری جماعت تقریر کرنے اور لکھنے کی مشق نہیں کرتی۔ تو پھر اشاعت اسلام کے میدان میں کامیاب نہیں ہوسکتی۔

مگر میں دیکھتا ہوں کہ ہماری جماعت نے اس کی طرف توجہ نہیں کی۔ گو میں نے بار بار مختلف اوقات میں ادھر توجہ دلائی ہے مگر نتیجہ کچھ نہیں نکلا۔ جماعت کے احباب چندہ دینے میں چست ہیں گو کئی لوگ چندے میں بھی سستی کرتے ہیں۔ مگر عموماً چندوں میں سست نہیں لیکن میں دیکھتا ہوں۔ جماعت کی اس طرف توجہ کم ہے کہ جو قلم چلانا جانتے ہیں یا چلا سکتے ہیں وہ قلم سے کام لیں یا جو تقریر کر سکتے ہیں یا تقریر کرنا سیکھ سکتے ہیں وہ زبان سے کام لیں۔ رسولِ کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم فرماتے ہیں کہ وہ عالم جو موقع پر حق نہ کہے۔ شیطان اخرس یعنی گونگا شیطان ہے۔ اول تو شیطان ہی کیا کم تھا۔ اخرس فرما کر بتایا کہ وہ شیطانوں میں سے بھی ذلیل درجہ کا شیطان ہے، کیونکہ شیطان اپنی شیطانی باتیں تو پھیلاتا ہے۔ مگر وہ حق بیان کرنے کی بھی جرات نہیں کرتا۔ میرے نزدیک اس سے بڑھ کر اور کیا زجر ہوسکتی ہے جو ایسے لوگوں کے متعلق رسول کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمائی ہے جو حق کو بیان کرنے کی طاقت رکھتے ہوئے خاموش رہیں مگر بہت ہیں جو حق کے کہنے کے لئے تیار نہیں ہوتے اور نہ حق کو بیان کرنے کی قابلیت پیدا کرنے کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔

میں احباب کو نصیحت کرتا ہوں کہ وہ اس سستی کو چھوڑیں خدا تعالیٰ نے ہر ایک شخص کو زبان دی ہے اس سے وہ حق پھیلانے کا کام لے اور جو لکھنا جانتے ہیں وہ زبان اور قلم سے کام لیں۔ جن کو قلم سے کام لینا نہیں آتا وہ سیکھ لیں۔ وہ کون سا کام ہے جو کوشش کے بعد نہیں آسکتا۔ مگر میں دیکھتا ہوں کہ جو قلم سے کام لے سکتے ہیں وہ بھی نہیں لیتے۔ میں نے پہلے بھی اس طرف توجہ دلائی تھی اور اب بھی توجہ دلاتا ہوں۔ گو پہلی دفعہ کا تو کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا مگر اب کے امید رکھتا ہوں کہ میرا کہنا رائیگاں نہ جائے گا اور ہماری جماعت کے اہلِ قلم اس طرف توجہ کریں گے۔ میں سلسلہ کے اخبارات باقاعدہ پڑھتا ہوں اور یہ دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ اتنی بڑی جماعت کے جو اخبار اور رسالے نکلتے ہیں۔ ان میں مضامین لکھنے والے صرف دو تین ہوتے ہیں۔ باقی لوگوں نے مضامین لکھنا صرف ایڈیٹروں کا فرض سمجھ رکھا ہے۔ اور اپنے آپ کو اس سے آزاد سمجھتے ہیں۔ یہ نہایت ہی افسوسناک بات ہے میں اپنی جماعت کے علماء کو بھی توجہ دلاتا ہوں۔ اور ہماری جماعت کے علماء قادیان ہی میں نہیں باہر بھی ہیں۔ قادیان والے بھی تحریر میں سست ہیں۔ انہیں خصوصیت سے سستی کو دور کرنا چاہیئے۔ پھر علماء سے مراد ظاہری علوم رکھنے والے ہی نہیں۔ بلکہ وہ بھی ہیں جو دینی علماء ہیں۔ اور خشیۃ اللہ رکھتے ہیں........اب یا تو اخباروں میں ایڈیٹر مضمون لکھتے ہیں۔ یا وہ چند طالبِ علم جو اپنا قلم صاف کر رہے ہیں اور مشق کر رہے ہوتے ہیں اور وہ لوگ جن کو مضمون لکھنے کی مشق ہے۔ یا تھوڑی مشق سے اچھا لکھنے اور بولنے والے ہو سکتے ہیں۔ خاموش ہیں۔

میں نصیحت کرتا ہوں کہ بولنے اور لکھنے کی طرف توجہ کرو۔ مگر اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ ہر شخص جو کچھ لکھے وہ ضرور چھپ جائے۔ کئی لوگ میرے پاس شکایت کرتے ہیں کہ ہم نے مضمون بھیجا تھا۔ مگر ایڈیٹر نے درج نہیں کیا۔ میں کہتا ہوں ایڈیٹر اسی لئے رکھا جاتا ہے کہ مضمون کو درج کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کرے اور دیکھے کہ کون سا مضمون درج ہونے کے قابل ہے اور کون سا نہیں۔ یہ اس کا فرض ہے۔ اسے کرنے دو۔ اور اس کی جگہ نہ چھینو۔ اگر ایسا ہو کہ جو کچھ کوئی لکھے وہ ضرور چھپ جائے۔ تو پھر ایڈیٹر رکھنے کی کیا ضرورت تھی۔ ایک پوسٹ بکس لگا دیا جاتا۔ جو کچھ کوئی اس میں ڈالتا وہ کاتب نکال کر لکھ دیتا اور اس طرح اخبار تیار ہو کر شائع ہو جاتا۔

پس ضروری نہیں کہ ہر ایک مضمون جو لکھا جائے وہ ضرور اخبار میں درج ہو جائے۔ ایڈیٹر جس کو بھی مناسب سمجھے گا۔ شائع کرے گا۔ لیکن ہر ایک کو چاہیئے مضمون نویسی کی

مشق ضرور کرے۔اور کوشش کرے کہ اس کا مضمون اخبار میں درج ہونے کے قابل ہو جب وہ اس قابل ہو گا۔تو ایڈیٹر کیوں نہ درج کرے گا۔

لیکن مشق کے لئے مضمون کا اخبار میں چھپنا ضروری نہیں بلکہ تم اپنے احباب اور دوستوں کو خطوط لکھ کر لکھنے کی مشق کرو۔ایڈیٹر اگر تمہارے مضمون کو ردی کی ٹوکری میں ڈال دیتا ہے۔تو تمہارے دوست ایسا نہیں کریں گے۔ بلکہ وہ شوق سے تمہارے مضامین کو پڑھیں گے۔لیکن میں کہتا ہوں سب ایسے نہیں کہ ان کے مضامیں ناقابل اندراج ہوں بلکہ ہماری جماعت میں سینکڑوں مضمون نویس ہوں گے یا ہو سکتے ہیں کہ جن کے مضامین کو فخر سے ایڈیٹر اپنے اخبار یا رسالہ میں درج کریں گے۔

اسی طرح لیکچروں کے متعلق بولنے کی مشق کی جائے۔ علاوہ لیکچر کے ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ مجالس میں بیٹھ کر مذہبی گفتگو کی جائے مگر میں دیکھتا ہوں۔ وہ لوگ جو اس طرح مجالس میں باتوں باتوں میں دین کی خدمت کر سکتے ہیں۔ وہ بجائے مذہبی باتوں کے عام دنیوی امور کے متعلق گفتگو کرتے رہتے ہیں۔ حالانکہ اگر مجالس میں تبلیغ کرنے کی کوشش کریں۔تو بہت مفید ہوسکتا ہے۔ پس میں جماعت کے تمام اصحاب کو کہتا ہوں جو بول سکتے ہیں وہ بولنے اور جو لکھ سکتے ہیں۔وہ لکھنے کی طرف زیادہ توجہ کر کے دین کی خدمت میں مشغول ہوں۔

میں امید کرتا ہوں کہ آج کی نصیحت کارگر ہوگی ہماری جماعت کو تحریر اور تقریر کے میدان میں ترقی کرنے کی نہایت ضرورت ہے۔ ہر ایک احمدی کو قلم اور زبان چلانے کی مشق کرنی چاہئے جو شخص مشق کر کے زبان اور قلم سے دین کی خدمت میں کام لے گا وہ فتح کو قریب لائے گا۔ ہماری جماعت کو چاہیئے کہ وہ مفید سامان اشاعت سے کام لے تا کہ خدا کی عظمت و جلال ظاہر ہو اور دین حق کی صداقت روشن ہو اور باطل پیٹھ دکھا کر بھاگ جائے۔ اللھم آمین“

(خطبہ جمعہ فرمودہ 18/ جنوری 1924ء خطبات محمود، جلد 8، صفحہ 291-299)

کتابِ عشق جب لکھو ، تو میرا نام لکھ دینا
امامِ وقت کے آگے، مری یہ عرض رکھ دینا

نظامِ دیں کی خاطر ہے، مرا ہر پل یقیں روشن
مرے دل میں بس اسی جذبے کی شمع رکھ دینا

خلافت کی غلامی میں، مری ہے زیست کی خوشبو
اسی خوشبو کی نسبت کو، مری پہچان رکھ دینا

مرے ہر قول میں شامل ہو، سچ کی روشنی ہر دم
وفا کے راستے میں تو، مرا ایمان رکھ دینا

یہ پیاری انجمن میری، میرے دل کا ہے ماوا بھی
درِ احمد کے سائے میں ، مجھے ٹھہرا کے رکھ دینا

مرے دل میں رہے ،یہ نورِ صدق و صفا قائم
اسی عہدِ وفا پر اے خدا ، مرا انجام رکھ دینا

خلافت کے اشارے پر،اُنہیں بھی گامزن کرنا
مرے بچوں کو بھی ربّی، یہی احسان رکھ دینا

(داود اسماعیل)





## مبلغین احمدیت

# محترم مولانا مبارک علی صاحب بی اے بی ٹی۔ مبلغ انگلستان و جرمنی

محترم مولانا مبارک علی صاحب بی اے بی ٹی ولد منشی عرفی الدین صاحب بنگلہ دیشی ڈویژن راجشاہی کے مشہور شہر بوگرہ کے رہنے والے تھے۔ ابتدائی تعلیم کے بعد بی اے بی ٹی (Bachelor of Arts & Bachelor of Teaching) کی ڈگری حاصل کی۔ آپ طبیعتاً ایک نیک اور شریف النفس انسان تھے۔ 1913ء میں قادیان حاضر ہو کر حضرت خلیفۃ المسیح الاول رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعت کر کے سلسلہ احمدیہ میں داخل ہوئے اور کچھ عرصہ قادیان میں رہ کر دینی علوم میں اضافہ کرتے رہے۔ خلافت ثانیہ کے آغاز میں حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے انگریزی دان احمدی احباب کو زندگی وقف کرنے کی تحریک فرمائی تو آپ نے بھی اس تحریک پر لبیک کہا اور قادیان میں قرآن کریم کے انگریزی ترجمہ کے بورڈ کا حصہ بن کر خدمت کی توفیق پائی۔ کچھ عرصہ بعد آپ واپس بنگلہ دیش چلے گئے اور چٹاگانگ کے ایک سکول میں ٹیچر مقرر ہوئے۔ بنگلہ دیش میں آپ اپنی ملازمت کے ساتھ تبلیغ احمدیت میں بھی کوشاں رہے۔ محترم حکیم خلیل احمد مونگھیری صاحب بنگال سے اپنی ایک تبلیغی رپورٹ میں لکھتے ہیں: ”اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ مولوی مبارک علی صاحب بنگلہ زبان میں اچھی تقریر کرتے ہیں اور کافی تقریر کرتے ہیں۔“ (الفضل یکم جون 1915ء صفحہ 7) اللہ تعالیٰ کے فضل سے آپ کی تبلیغ احمدیت سے کئی سعید روحوں کو قبول احمدیت کی توفیق ملی۔ اخبار الفضل ایک جگہ لکھتا ہے: ”ہم اپنے احباب کو یہ خوشخبری سناتے ہیں کہ ہمارے قابل قدر مولوی مبارک علی صاحب بی اے بی ٹی ہیڈ ماسٹر کی کوشش اور سعی سے جناب مولوی شیخ عبدالجبار صاحب آف گفر گاؤں ضلع میمن سنگھ (بنگال) جو ایک قابل مصنف ہیں، سلسلہ عالیہ احمدیہ میں داخل ہوگئے ہیں۔ آپ کئی ایک مشہور کتب .... کے مصنف ہیں۔“ (الفضل 22/جولائی 1916ء صفحہ 1) 1915 ء میں آپ کی تبلیغ اور تحریک پر ہی چوہدری ابو الہاشم صاحب ایم اے قادیان آئے اور بعد ازاں بیعت کر کے سلسلہ احمدیہ کے ایک مخلص وجود ثابت ہوئے۔ (تأثرات قادیان مؤلفہ ملک فضل حسین صفحہ 341۔ اشاعت: دسمبر 1938ء)

1920ء میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ نے آپ کو تبلیغ اسلام کے لیے مغربی افریقہ جانے کا ارشاد فرمایا، آپ اگست 1920 ء کے دوسرے ہفتہ میں قادیان پہنچ گئے اور 19 /اگست 1920ء کو قادیان سے روانہ ہوئے۔ حضورؓ ان دنوں ناسازئ طبع کی وجہ سے ڈلہوزی تشریف لے گئے ہوئے تھے۔ آپ کی روانگی کی خبر دیتے ہوئے اخبار الفضل لکھتا ہے:

”19/ تاریخ بروز جمعرات جناب مولوی مبارک علی صاحب بی اے بی ٹی (بنگالی) نائیجیریا میں تبلیغ اسلام کی غرض سے روانہ ہوئے۔ احباب قادیان قصبہ کے باہر تک ان کو الوداع کرنے کے لیے گئے اور دعا کی گئی اور مولوی صاحب سب سے مصافحہ کر کے روانہ ہوگئے۔ مولوی صاحب موصوف پہلے ولایت جائیں گے اور وہاں سے ہوتے ہوئے نائیجیریا پہنچیں گے....“ (الفضل 23/اگست 1920ء صفحہ 1)

آپ نے اپنے اس بحری سفر میں تبلیغ کا کام جاری رکھا، اخبار الفضل میں آپ کا عدن سے لکھا ہوا ایک خط درج ہوا ہے جس میں آپ لکھتے ہیں: ”.... جہاز پر ہم دو احمدی ہیں، سلسلہ تبلیغ بھی کسی قدر جاری ہے۔“ (الفضل 20/ستمبر 1920 ءصفحہ 2) آپ ٹھیک ایک ماہ بعد مورخہ 20/ستمبر کو بخیر و عافیت لندن پہنچ گئے۔ (الفضل 21/اکتوبر 1920ءصفحہ 2) لندن میں اس وقت حضرت چودھری فتح محمد سیال رضی اللہ عنہ اور حضرت مولوی عبدالرحیم نیر رضی اللہ عنہ تبلیغ احمدیت کے کام پر مامور تھے، آپ بھی قیام لندن کے دوران تبلیغی و تربیتی کاموں میں ان کی معاونت میں مصروف ہو گئے اور ساتھ ہی سفر افریقہ کی مطلوبہ کاروائی کو پورا کرتے رہے۔ ابھی یہ تیاری جاری تھی کہ حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے حضرت مولوی عبدالرحیم نیر رضی اللہ عنہ کو آپ کی جگہ مغربی افریقہ جانے کا ارشاد فرمایا، حضرت نیّر صاحبؓ اس حوالے سے اپنے ایک خط میں لکھتے ہیں: ”اس عاجز کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح کا حکم آیا ہے کہ میں مولوی مبارک علی صاحب بی اے بی ٹی کی جگہ مغربی افریقہ میں تبلیغ حق کے لیے جاؤں اور میں اس حکم کی تعمیل میں اپنا چارج مولوی مبارک علی صاحب کو دے رہا ہوں .....“ (الفضل 24/جنوری 1921ءصفحہ 2) فروری 1921ء میں حضرت مولانا نیّر صاحبؓ افریقہ روانہ ہو گئے اور آپ حضرت چودھری فتح محمد سیال صاحبؓ کی زیر نگرانی لندن مشن کا کام سر انجام دیتے رہے لیکن جلد ہی حضرت مصلح موعودؓ نے حضرت چودھری صاحبؓ کو قادیان واپس بلا لیا اور حضرت چودھری فتح محمد سیال صاحبؓ لندن مشن کی نگرانی آپ کو سونپتے ہوئے 15/جولائی 1921ء کو قادیان روانہ ہو گئے۔ (ریویو آف ریلیجنز جولائی 1921ء صفحہ 281)

بفضل اللہ تعالیٰ آپ نے انگلستان میں احمدیہ مشن کی نگرانی کا کام بخوبی سر انجام دیا۔ دعوت الی اللہ کے ساتھ اپنے ذاتی نمونے سے بھی لوگوں کو احمدیت کے قریب کیا اور خاص طور پر اِس زمانے میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی آمد کا پیغام پہنچایا، ایک جگہ آپ لکھتے ہیں: ”حضرت احمد علیہ الصلوٰۃ و السلام اس زمانے میں خدا تعالیٰ کی ہستی اور اسلام کے زندہ مذہب ہونے کے ایک زبردست ثبوت ہیں۔ دیگر تمام مذاہب خشک ہیں جبکہ اسلام کا درخت تازہ پھل دیتا ہے یہی وجہ ہے کہ ہم حضرت احمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ذکر کرتے ہیں۔“ (الفضل 6/مارچ 1922 ءصفحہ 9)

مسجد فضل لندن کے لیے خریدی گئی زمین کو ابھی ایک سال ہی ہوا تھا۔ آپ نے عید الاضحیٰ 1291ء کا اجتماع کا پروگرام اسی پلاٹ پر کھلے آسمان تلے ترتیب دیا اور یہیں نماز عید ادا کی اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ پروگرام ہر لحاظ سے کامیاب رہا۔ آپ خود اس کی رپورٹ میں لکھتے ہیں:

“The celebration of the Festival of Id-uz-zuha in our London Mosque was a great success. Photos and accounts have been published in all the leading London papers. New converts are joining our faith out of which the names of Mr. Bacon and Mr. Macroe may be stated. Their Moslem names are Omar Ali and Salaiman, respectively. May God bless them all.”

(The Moslem Sunrise, Vol.1, No.3, January 1922 page




67 – 27 La Bella Ave. Highland Park, Mich. USA)

(محترم مبارک علی صاحب عید الاضحیٰ 1921ء کی امامت کراتے ہوئے۔ تصویر بشکریہ اخبار The North Star)

حضرت ملک محمد حسین صاحب (رہتاسی) بیرسٹر ایٹ لاء لنڈن سے اپنی ایک رپورٹ میں اس عید الاضحیہ کا احوال بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

”خطبہ جناب مولوی مبارک علی صاحب نے پڑھا اور اُسے ایسا دلچسپ بنایا کہ حاضرین اس سے پورے طور پر محظوظ ہوئے۔ مولوی صاحب نے دوران خطبہ میں قربانی کی حقیقت اور اصل مقصد پر نہایت مبسوط بحث کی۔“ (الفضل 26/ستمبر 1921ءصفحہ 1)

آپ نے اس عرصہ میں ممکنہ ذرائع سے تبلیغ اسلام میں بھرپور حصہ لیا، آپ کے ساتھ اس کام میں حضرت بابو عزیز الدین سیالکوٹیؓ بھی شامل تھے۔ جولائی 1922 ء کے پہلے ہفتہ میں آپ Portsmouth شہر کے دورے پر پہنچے اور قریبًا ایک ہفتہ قیام کیا اور تھیاسوفیکل سوسائٹی اور سپر چولسٹ سوسائٹی دونوں میں مفید لیکچر دیے اور سوالات کے جوابات دیے۔ (الفضل 3/اگست 1922ءصفحہ 1) 1922 ء میں بھی عید الفطر اور

عیدالاضحیٰ کے موقع پر کامیاب پروگرام ترتیب دیے۔ اگست 1922ء میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر نماز عید کی ادائیگی کے بعد جماعت احمدیہ لندن مشن کے سالانہ اجلاس کی تقریب ہوئی جس کی رپورٹ کرتے ہوئے اخبار ٹیلیگراف لکھتا ہے:

"Mr. Mubarak Ali, the leader of the movement in England, read a report of the year's work and reminded his hearers that the followers of all religions were expecting a Messiah, and that the Prophet Mohammed himself had said that one of his followers would arise as a Messiah and under him Islam would form a spiritual unity throughout the world. Among the guests of the movement, besides many Indians, Africans and Egyptians resident in London, and their English friends were Sir Michael O'Dwyer, the former Lieut. Governor of the Punjab, and Lady O'Dwyer, Professor H. M. Leon and Madame Leon, and the Afghan Minister."




(Evening Telegraph, London, Aug 5, 1922 page 3)
(Star Weekly, Toronto, Canada, Sat, Sep 23, 1922 page 50)

1923ء میں سیدنا حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے آپ کو جرمنی میں احمدیہ مشن کھولنے کا ارشاد فرمایا چنانچہ آپ 1923ء کے ابتدائی مہینوں میں جرمنی کے شہر برلن پہنچ گئے اور کام کا آغاز کر دیا، آپ نے جرمن ایمپائر کے آخری قیصر Friedrich Wilhelm Viktor Albert (1859 –1941) سمیت کئی اہم شخصیات کو دعوت اسلام پہنچائی۔ (Review of Religions, Qadian, May & June 1923 page 211) آپ اپنے ایک خط میں لکھتے ہیں:



(عیدالاضحیٰ 1921ء کے موقع پر آپ انگریز مسلمان لارڈ ہیڈلے سے محوِ گفتگو ہیں۔ تصویر بشکریہ Daily Mirror, London)

"وسط یورپ کے رؤساء و شہزادگان کو پیغام حق پہنچانے کے سلسلہ میں مَیں نے سابق قیصر ولیم کو اسلام کی دعوت دی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ ایک ہنگرین پروفیسر یورپ میں اشاعت اسلام کے کام کو سرانجام دینے کی تجویز پر سنجیدگی سے غور کر رہا ہے...." (الفضل 12/مئی 1923ء صفحہ 2 کالم 2)

اپنی ایک اور رپورٹ میں آپ لکھتے ہیں:

"مجھے اب یہ خیال بے تاب کر رہا ہے کہ میں شاہان و امراء یورپ کو مسیح موعود کا پیغام پہنچا دوں اور شہزادہ ویلز کے ایڈریس (مراد کتاب "تحفہ شہزادہ ویلز"۔ ناقل) کو اصل اردو مرکز یورپ کی زبانوں میں ترجمہ کرا کر کچھ امراء سے ملوں اور باقیوں کو خط بھیجوں۔ میں بادشاہوں سے خود ملنا چاہتا ہوں کیونکہ ذاتی تعارف اور ملاقات کا خط سے زیادہ اثر ہوتا ہے۔" (الفضل 6/جولائی 1923ء صفحہ 9)

اللہ تعالیٰ کے فضل سے حضرت خلیفۃ المسیحؓ کی دعاؤں، رہنمائی اور آپ کی کوششوں کے نتیجے میں جرمنی میں لوگوں کو اسلامی معلومات کا شوق پیدا ہوا، یہ حالات دیکھتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے برلن میں مسجد کی تعمیر کا منصوبہ بنایا اور اس کے اخراجات کے لیے صرف لجنہ اماء اللہ کو مختص کیا کہ یہ مسجد احمدی خواتین کی مالی قربانیوں سے تیار ہوگی، الحمد للہ احمدی خواتین نے اپنے پیارے امام کی آواز پر بھرپور لبیک کہا اور اپنی اپنی مالی قربانیاں پیش کیں۔ احمدیہ مسجد برلن کے لیے چندہ دینے والی خواتین کی ایک فہرست اخبار الفضل 5 مارچ 1923ء میں شائع شدہ ہے۔ اس تحریک میں نائیجیریا کی نو وارد احمدی خواتین نے بھی بڑے اخلاص سے حصہ لیا، نائیجیرین احمدی خواتین کے چندے کی ایک فہرست رسالہ ریویو آف ریلیجنز اکتوبر 1923ء صفحہ 368 پر موجود ہے۔ اسی طرح امریکہ کی احمدی خواتین نے بھی چندہ مسجد برلن میں حصہ لیا۔ (دی مسلم سن رائز، شکاگو، اکتوبر 1923ء صفحہ 268) مورخہ 5/اگست 1923ء کو دوپہر 3 بجے مسجد برلن کی بنیاد رکھی گئی، سنگ بنیاد کی اس تقریب میں جرمن وزیر داخلہ، جرمن

وزیر امور رفاہ عامہ، سفیر دولت افغانیہ و ترکی کے علاوہ دیگر اہم شخصیات سمیت قریبًا 400 شامل ہوئے، اس شاندار مجمع میں صرف چار احمدی تھے یعنی مولوی مبارک علی صاحب، ڈاکٹر عطاء اللہ بٹ صاحب اور آپ کے چھوٹے بھائی (ڈاکٹر صاحب بعد میں طبیہ کالج علی گڑھ کے پرنسپل بنے، آپ حضرت حاجی عبدالعزیز صاحب سیالکوٹیؓ کے فرزند تھے۔ ناقل) اور چوتھے محمد اسحاق خان ابن مستری قطب الدین صاحب (آف امرتسر یکے از 313 صحابہ۔ ناقل) (الفضل 5/اکتوبر 1923ء صفحہ 1) حضورؓ نے بتائے گئے وقت کا قادیان میں اندازہ کر کے تمام مرد و خواتین کو بغرض دعا بعد نماز مغرب مسجد اقصیٰ میں جمع کیا اور دعا کرائی۔ (الفضل 10/اگست 1923ء صفحہ 1،2) قادیان سے باہر کی جماعتوں کو بھی اجتماعی دعا کرنے کی حضورؓ نے تحریک فرمائی تھی۔ مسجد کی سنگ بنیاد رکھے جانے پر بعض مصری لوگوں نے شدید مخالفت کی اور شور مچایا کہ احمدی گورنمنٹ برطانیہ کے ایجنٹ ہیں اور یہ جرمنی اور اسلام دونوں کے لیے خطرہ ہیں۔ آپ نے ان سب باتوں سے حضرت خلیفۃ المسیح کو آگاہ کیا چنانچہ حضرت مصلح موعودؓ نے اطلاع ملنے پر پہلے ایک خط (الفضل 28 /اگست 1923ء صفحہ 5) اور بعد میں ایک مختصر مضمون ”کیا احمدی گورنمنٹ برطانیہ کے ایجنٹ ہیں؟“ مولوی مبارک علی صاحب مبلغ برلن جرمنی کے نام ضروری ہدایات کے ساتھ ارسال فرمایا۔ (الفضل 21 ستمبر 1923ء صفحہ 3) محترم مولوی مبارک علی صاحب نے حضورؓ کی ہدایات کی روشنی میں اس جھوٹے پروپیگنڈے کا جواب دیا۔ بہرحال مسجد کی تعمیر اور مصری لوگوں کے پروپیگنڈے دونوں نے جرمنی کے علاوہ باہر بھی اخباروں میں جگہ پائی۔ آسٹریلیا کے مشہور اخبار The Register نے "Mosque and alleged Pan-English Propaganda" کے تحت خبر دیتے ہوئے لکھا:

"BERLIN, August 7. Remarkable scenes were witnessed today at the laying of the foundation stone of a Mohammendan mosque in the Berlin suburb of Charlottenburg. Mubarak Ali, a representative of the Ahmadia movement in Islamism, laid the stone, and in a speech delivered in English said the object of the movement was the propagation of the pure religion of Islam throughout the world. Those who attended the ceremony included Egyptian, Persian, and Indian Mohammedans, and representatives of the Prussian Government. The Egyptians frequently interrupted Mubarak Ali. Later a committee of the Egyptians National Party made statements to press representatives, declaring that the Ahmadia movement was being conducted by a group of Englishmen and Indians in order to support the English colonial policy throughout Islam; and that the British Government, through the Ahmadia Party, intended to use the new mosque for purposes of Pan-English propaganda."

(The Register, Adelaide, SA, Thursday, 9 August 1923 page 7)



(برلن میں مسجد کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب۔ تصویر بشکریہ وکی پیڈیا)

آپ کی تبلیغی کوششوں کا کچھ تذکرہ اخبار الفضل 6/جولائی 1923ء صفحہ 9 پر بھی درج ہے۔ حضرت مولانا عبدالرحیم نیر صاحبؓ آپ کے متعلق لکھتے ہیں:

”....ان سعید لوگوں میں سے مولوی مبارک علی صاحب ایک ہیں، یہ بہت پیچھے آئے اور میں کسی اور کی نسبت تو نہیں کہہ سکتا مگر اپنی نسبت کہتا ہوں کہ بہت آگے نکل گئے ہیں اور سراسر اخلاص و محبت ہیں۔ انھوں نے لندن میں جو کچھ کیا بہت قابل تعریف ہے اور اب برلن میں جو کچھ کر رہے ہیں وہ خراج تحسین وصول کرنے کا مستحق ہے، جزاہ اللہ احسن الجزاء۔“ ایک انگریز نومسلم نے آپ کے متعلق کہا: ”وہ اسلام کا نمونہ ہے اور ایک انسان جو کچھ ہونا چاہیے، وہ ہے۔“ خود برادرم مبارک علی صاحب ایک خط میں کسی غیر مبائع کے اثر کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ”(فلاں) فاضل پر محمود کے غلام کا لاہور کے آزاد کی نسبت زیادہ اثر ہوا۔“ (الفضل 6/جولائی 1923ء صفحہ 9)

ایک اور جگہ حضرت نیر صاحبؓ لکھتے ہیں: ”مولوی مبارک علی صاحب جس

درد سے کام کرتے ہیں وہ قابل پیروی ہے، اللہ ان کو بہت بہت اجر دے" (الفضل 16/اپریل 1923ء صفحہ 2 کالم 1)

1923ء کے اواخر میں حضرت مصلح موعودؓ نے حضرت ملک غلام فرید صاحب ایم اے کو بطور مبلغ جرمنی روانہ فرمایا۔ آپ مورخہ 28 /فروری 1925ء کو برلن سے قادیان پہنچے جہاں احباب جماعت نے پُر تپاک استقبال کیا۔ (الفضل 3/مارچ 1925ء صفحہ 1 کالم 1) آپ کی واپسی پر مدرسہ احمدیہ قادیان نے آپ کے اعزاز میں ایک دعوت چائے دی جس کی صدارت حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے فرمائی۔ اخبار الحکم نے اس کی رپورٹ دیتے ہوئے لکھا: "مولوی مبارک علی صاحب کی قربانی ایک خاص رنگ رکھتی ہے جنہوں نے ساڑھے تین سو روپیہ ماہوار کے قریب کی ملازمت کو اشاعت سلسلہ کے فرض کے قربان کر دیا اور جو کچھ ان کی جیب میں تھا اسے بھی اپنے قیام لنڈن کے ایام میں سلسلہ کے لیے خرچ کیا....." (الحکم 7/مارچ 1925ء صفحہ 4)

بعد ازاں آپ اپنے وطن چلے گئے اور دوبارہ محکمہ تعلیم میں ملازمت اختیار کر لی اور اس دوران بھی دینی خدمات میں حصہ لیتے رہے اور احمدیت کی تبلیغ میں بھرپور حصہ لیا۔ 1940ء میں آپ مشرقی بنگال کے صوبائی امیر مقرر ہوئے اور 1950ء تک اس اہم عہدے پر فائز رہے اور احسن طور پر جماعتی خدمات سرانجام دیں۔ آپ نے یکم نومبر 1969ء کو اپنے آبائی شہر بوگرا میں وفات پائی۔ آپ بفضلہٖ تعالیٰ موصی (وصیت نمبر 2648) تھے۔ آپ کی اہلیہ کا نام محترمہ واجد خانم صاحبہ تھا اور اولاد میں ایک بیٹا واجد علی خان صاحب اور دو بیٹیاں صالحہ خاتون صاحبہ اور محسنہ خاتون صاحبہ تھے۔ (الفضل 17/جولائی 1936ء والفضل 12 /نومبر 1969ء)

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَہٗ وَارْحَمْہُ وَارْفَعْ دَرَجَاتِہٖ۔

## سالانہ اجتماع انصار اللہ 2025 کے موقع پر تقسیم اسناد و انعامات کی چند یادگار جھلکیاں






# رپورٹ 38 واں سالانہ اجتماع مجلس انصار اللہ کینیڈا

سہیل احمد ثاقب، ناظمِ اعلیٰ اجتماع 2025

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی رہنمائی اور دعاؤں کے طفیل مجلس انصار اللہ کینیڈا کو اپنا اڑتیسواں سالانہ اجتماع مورخہ 26 تا 28 ستمبر 2025 بمقام احاطہ مسجد بیت الاسلام، پیس ولیج منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ الحمد للہ

مجلس انصار اللہ کینیڈا کی تاریخ میں پہلی دفعہ تین روزہ سالانہ اجتماع منعقد کیا گیا۔ اسی طرح مجلس انصار اللہ کینیڈا کی یہ خوش بختی ہے کہ دورانِ اجتماع بروز ہفتہ مؤرخہ 27 ستمبر 2025، لجنہ اماء اللہ یو کے کے سالانہ اجتماع سے حضور انور ایدّہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطاب براہ راست اجتماع گاہ میں بیٹھ کر سننے کا موقع ملا۔ اسی طرح بروز اتوار مؤرخہ 28 ستمبر 2025، حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا رُوح پرور خطاب فرمودہ بر موقع سالانہ اجتماع مجلس انصار اللہ یو کے، ٹو وے ویڈیو لنک کے ذریعے، براہِ راست اجتماع گاہ میں بیٹھ کر سننے کی سعادت ملی۔ یہ ایک تاریخی لمحہ تھا جو انصار بھائیوں کے دلوں میں ہمیشہ نقش رہے گا۔ اس خطاب کی حضور انور ایدّہ اللہ تعالیٰ نے از راہِ شفقت خصوصی اجازت مرحمت فرمائی تھی۔

حضور انور ایدّہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اختتامی خطاب کے بعد دُعا سے مجلس انصار اللہ کینیڈا کا سہ روزہ اجتماع اختتام پذیر ہوا۔ دُعا کے بعد حضور انور ایدہ اللہ نے از راہِ شفقت شاملین اجتماع مجلس انصار اللہ کینیڈا کی کل حاضری 3839 کا اعلان فرمایا۔

قارئین کی خدمت میں مجلس انصار اللہ کینیڈا کے اڑتیسویں سالانہ اجتماع برائے سال 2025 کی تفصیلی رپورٹ بغرضِ دُعا و ریکارڈ پیش ہے۔

گذشتہ سالوں کی طرح امسال بھی مجلس انصار اللہ کا یہ اجتماع مسجد بیت الاسلام کے وسیع احاطہ میں منعقد ہوا۔ جس کے لیے متعدد مارکیاں لگائی گئیں تھیں جن میں اجتماع گاہ مارکی، ضیافت مارکی، نمائش مارکی اور ورکشاپ مارکی قابلِ ذکر ہیں۔ علاوہ ازیں ایک ٹریلر رہائش کے لیے اور دو ٹریلرز مجلس انصار اللہ کینیڈا کے اسٹوڈیو اور سمعی و بصری کے لیے مختص کیے گئے تھے۔ اسی طرح رجسٹریشن مارکی کے پہلو میں استقبال اور معلوماتی ڈیسک قائم کیا گیا تھا۔

شاملینِ اجتماع کی سہولت کے لیے بازار کا انتظام کیا گیا تھا جس میں طرح طرح کے کھانے اور مشروبات میسر تھے جس سے انصار لطف اندوز ہوتے رہے۔ اس کے علاوہ ہیومینیٹی فرسٹ، ہنگامی صورتحال میں طبّی امداد، رشتہ ناطہ، باغبانی، سائکلینگ اور will کے بوتھ لگائے گئے تھے جہاں سے انصار اپنی دلچسپی کی معلومات حاصل کر سکتے تھے۔
نظامت فرسٹ ایڈ کے تحت ہومیوپیتھی اور ایلوپیتھی کلینک بھی دورانِ اجتماع کھلے رہے۔
نظامت بینرز کے تحت دیدہ زیب بینرز تیار کیے گئے تھے جن پر اجتماع کی مناسبت سے قرآنی آیات اور احادیث کے علاوہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور خلفاء سلسلہ کی تحریرات مرقوم تھیں۔ یہ بینرز مارکیوں کے اندر اور باہر نمایاں مقامات پر آویزاں کیے گئے تھے۔ اسی طرح اجتماع گاہ سے باہر ایک بڑی ڈیجیٹل سکرین نصب کی گئی تھی جس پر

اجتماع کی کارروائی اور ضروری معلومات دکھائی جاتی رہیں۔

کھانا پکانے کے لئے لنگر خانہ قائم کیا گیا تھا جہاں شعبہ ضیافت کے والنٹیئرز نے بڑی محنت سے شاملینِ اجتماع کے لیے تینوں دن لذیذ کھانا تیار کیا۔ اسی طرح ہمہ وقت چائے میسر تھی۔ گاڑیوں کی آمد و رفت کو کنٹرول کرنے کے لئے اور پارکنگ میں مدد کے لیے والنٹیئرز نے بڑی مستعدی سے خدمت کی۔

دورانِ اجتماع انصار کے مابین 12 علمی اور 17 ورزشی مقابلہ جات کا انعقاد ہوا۔ ورزشی مقابلے طاہر ہال اور قریبی پارکس میں جبکہ علمی مقابلے مسجد بیت الاسلام، اجتماع گاہ، اور وکشاپ مارکی میں منعقد کیے گئے۔ وضو اور حوائج ضروریہ کے لیے ٹوائلٹس کا بہترین انتظام کیا گیا تھا تا کہ معمر اور معذور افراد کو کسی طرح کی کوئی تکلیف محسوس نہ ہو۔

اجتماع کی روایت کو قائم رکھتے ہوئے 16 انصار نے اجتماع میں شمولیت کی غرض سے سائیکل سفر اختیار کیا۔سب سے لمبا سائیکل سفر کرنے والے ناصر مکرم سلمان خان صاحب تھے جو Halifax سے تقریباً دو ہزار کلومیٹر سائیکل چلا کر اجتماع میں شامل ہوئے۔

مجلس انصاراللہ کینیڈا اسٹوڈیو نے اجتماع کے دوران نہایت کامیابی اور بہترین انتظام کے ساتھ تین دن تک لائیو اسٹریمنگ کا سلسلہ جاری رکھا۔ اجتماع گاہ کے احاطے میں خصوصی طور پر اسٹوڈیو قائم کیا گیا، جہاں سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خصوصی اجازت سے اجتماع گاہ کے تمام اہم اجلاسات کی براہِ راست نشریات پیش کی گئیں۔ اس لائیو اسٹریمنگ کا کل دورانیہ تئیس گھنٹوں سے زائد تھا جبکہ تین دنوں کے دوران مجموعی طور پر تقریباً دس ہزار احباب نے اس لائیو اسٹریم کی نشریات سے فائدہ اُٹھایا۔امسال مجلس انصاراللہ کینیڈا اسٹوڈیو کی ٹیم نے مختلف زبانوں میں بھی پروگرام پیش کئے جن میں عربی، بنگالی اور افریقن احباب کے ساتھ خصوصی نشست رکھی گئی تھی۔




## آغاز تیاری اجتماع

ماہ جنوری 2025 میں مجلس انصار اللہ کے نئے سال کے آغاز پر ہی مکرم عبد الحمید وڑائچ صاحب صدر مجلس نے اجتماع کمیٹی کی منظوری دے دی تھی۔ کمیٹی ممبران کے اسماء بغرضِ دُعا پیش ہیں:

1. مکرم محمد افضل ملک صاحب، سیکریٹری اجتماع
2. مکرم ابرار احمد مہار صاحب، نائب ناظم اعلیٰ سیٹ اپ وائنڈ اپ
3. مکرم محمد احمد صاحب، نائب ناظم اعلیٰ سروسز
4. مکرم ثناء اللہ خان صاحب، نائب ناظم اعلیٰ پروگرام
5. مکرم مبشر احمد خالد صاحب، نائب ناظم اعلیٰ آڈیو وڈیو
6. مکرم ناصر محمود احمد صاحب، نائب ناظم اعلیٰ نمائش
7. مکرم غلام مصباح بلوچ صاحب، نائب ناظم اعلیٰ حاضری نگرانی
8. مکرم داؤد اجمل صاحب، نائب ناظم اعلیٰ ضیافت
9. خاکسار سہیل احمد ثاقب، ناظم اعلیٰ اجتماع

اجتماع کو کامیاب بنانے کے لیے جملہ نائب ناظمین اعلیٰ، ناظمین اور والنٹیئرز نے کئی ہفتوں تک محنت کی اور اپنی اپنی نظامتوں کی ضروریات، ممکنہ مسائل اور ان کے حل کے لیے کام کیا۔ فجزاھم اللہ احسن الجزاء

## تقریب معائنہ تیاری اجتماع








مؤرخہ 24 ستمبر 2025 بروز بدھ اجتماع کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے مکرم عبد الحمید وڑائچ صاحب، صدر مجلس کی صدارت میں اجتماع گاہ میں ایک تفصیلی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ اس میٹنگ میں اجتماع کمیٹی، جملہ نظامتوں کے ناظمین اور والنٹئرز شامل ہوئے۔ میٹنگ میں ہر شعبہ کے کام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور صدر مجلس نے موقع پر ہدایات دیں۔ظہرانے اور نماز ظہر وعصر کی ادائیگی کے بعد جی ٹی اے کے زعماء کی مکرم صدر مجلس کے ساتھ ایک میٹنگ ہوئی جس میں انصار بھائیوں کی اجتماع میں حاضری کو بہتر بنانے کے لیے لائحہ عمل بنایا گیا۔

## اجتماع کا پہلا روز (26 ستمبر بروز جمعہ)

آج اجتماع کا پہلا دن تھا۔ گذشتہ رات دُور دراز سے انصار اجتماع کی شمولیت کی غرض سے تشریف لا چکے تھے ۔ دن کا آغاز نمازِ تہجّد سے ہوا۔ نماز فجر کی ادائیگی اور ناشتہ کے بعد اجتماع گاہ میں حضور انور ایدّہ اللہ کا خطبہ جمعہ سننے کا انتظام کیا گیا تھا۔ دوپہر گیارہ بجے شاملینِ اجتماع کی رجسٹریشن کا آغاز ہوا اور انصار نے نمازِ جمعہ اجتماع گاہ میں ادا کی۔جس کے بعد ظہرانہ پیش کیا گیا۔

## تقریب پرچم کشائی

سہ پہر سوا تین بجے پرچم کشائی کی تقریب سے اجتماع کی سرگرمیوں کا باقاعدہ




آغاز ہوا۔ کینیڈا کا پرچم مکرم لال خان ملک صاحب امیر جماعتہائے احمدیہ کینیڈا جبکہ مجلس انصار اللہ کا پرچم مکرم عبد الحمید وڑائچ صاحب، صدر مجلس انصار اللہ کینیڈا نے لہرایا۔ جیسے جیسے پرچم فضا میں بلند ہوتے گئے اجتماع گاہ کی فضا نعرہائے تکبیر سے گونجتی چلی گئی۔ آخر پر مکرم امیر صاحب نے دُعا کروائی۔




## افتتاحی تقریب

سہ پہر ساڑھے تین بجے مکرم امیر صاحب کی زیرِ صدارت اڑتیسویں سالانہ اجتماع 2025 کی افتتاحی تقریب کا آغاز ہوا۔ تلاوت مکرم ماہر دلال صاحب نے کی جبکہ اردو ترجمہ مکرم محمد احمد مظہر صاحب، انگریزی ترجمہ مکرم عثمان شاہد صاحب اور فرینچ ترجمہ مکرم فضل اللہ تیمور صاحب کو پیش کرنے کی سعادت ملی۔ بعد ازاں صدر مجلس نے عہد دُہرایا۔ اس کے بعد اردو نظم مکرم مرزا عبدالقدیر صاحب جبکہ اس کا انگریزی ترجمہ مکرم Olubumi Badmus نے پیش کیا۔ پھر مکرم امیر صاحب نے افتتاحی خطاب فرمایا۔جس میں آپ نے مجلس انصار اللہ کینیڈا کے اس سال کے theme کی مناسبت سے تبلیغ کے حوالہ سے انصار بھائیوں کو ان کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی۔ افتتاحی سیشن کے آخر پر مکرم امیر صاحب نے دعا کروائی۔

اجتماع کے پہلے روز تلاوت قرآن کریم صفِ اوّل اور صفِ دوم،اردو تقریر صفِ اوّل وصفِ دوم کے علمی مقابلے جبکہ کرکٹ ، رسّہ کشی،بیڈ منٹن اور مشاہدہ معائنہ کے ورزشی مقابلوں کا انعقاد کیا گیا۔

## ورکشاپ وتربیتی سیشن

اسی طرح اجتماع کے پہلے روز ورکشاپ مارکی میں رشتہ ناطہ اور مضمون نگاری کے حوالہ سے ورکشاپس کا انعقاد کیا گیا جبکہ اجتماع گاہ میں مکرم داؤد احمد حنیف صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ کینیڈا کی زیرِ صدارت تربیتی ومعلوماتی سیشن منعقد ہوا۔جس کی تفصیل کچھ یوں ہے۔

پہلی تقریر بعنوان: بچوں کے اعلیٰ تعلیم کے حصول کی بابت رہنمائی

مقرر: مکرم ڈاکٹر توصیف احمد خان صاحب

دوسری تقریر بعنوان: بچوں پر اثرانداز ہونے والی معاشرتی برائیاں اور ان سے بچاؤ

مقرر: مکرم شیخ داؤد احمد صاحب

## اجتماع کادوسراروز( 27 ستمبر بروزہفتہ)

اجتماع کے دوسرے روز کا آغاز بھی نماز تہجّد سے ہوا۔ نماز فجر کی ادائیگی اورناشتہ کے بعدعلمی اورورزشی مقابلہ جات کا آغاز ہوا۔آج کے روز ہونے والے علمی مقابلے نظم صف اوّل وصف دوم،حفظ القرآن،عربی تقریر،فرینچ تقریر، ترجمۃ القرآن،اردوتقریرصف اوّل،انگریزی تقریرصف دوم تھے جبکہ ورزشی مقابلہ جات کرکٹ،رسّہ کشی،والی بال، گولف،اتھلیٹکس،باسکٹ بال،ٹیبل ٹینس،ساکراور پیغام رسانی رہے۔ اسی طرح انصار بھائیوں کے لیےخصوصی طور پر گھڑسواری کا بھی انتظام کیا گیا تھاجسے کافی پسند کیا گیا۔

### ورکشاپ وتربیتی سیشن

دوسرے روز Myths VS Reality of AI اور Directing the mind to success کے عناوین پر ورکشاپس کا انعقاد ہوا۔اسی طرح اجتماع گاہ میں دوتربیتی اورمعلوماتی سیشنز ہوئے۔ پہلا سیشن مکرم ملک کلیم احمد صاحب نائب امیر کی زیرصدارت منعقد ہوا۔جس کی تفصیل کچھ یوں ہے۔



پہلی تقریر بعنوان:بچوں کے دلوں میں خلافت سے محبت راسخ کرنے کے طریق

مقرر: مکرم عبدالسمیع خان صاحب

دوسری تقریر بعنوان:نظام وصیت میں شامل ہونے کی اہمیت اور برکات

مقرر: مکرم غلام مصباح بلوچ صاحب

دوسرا سیشن مکرم عبد الرشید انورصاحب نائب امیرومبلغ انچارج کی زیرصدارت منعقد ہوا۔جس کی تفصیل کچھ یوں ہے۔

پہلی تقریر بعنوان: شادی بیاہ کے معاملات میں قولِ سدید کی اہمیت

مقرر: مکرم سہیل مبارک شرماصاحب

دوسری تقریر بعنوان: تبلیغ اوراس کے تقاضے

مقرر: مکرم انصر رضاصاحب

### خصوصی نشست

شام 5 بجے ورکشاپ مارکی میں مکرم امیرصاحب کی زیرِصدارت اردوزبان نہ بولنے والے انصار کے ساتھ ایک خصوصی نشست کا انعقاد کیا گیا۔جس میں عرب، افریقن ،بنگالی اوردیگر انصار نے بھرپور شرکت کی اورمکرم امیر صاحب سے سوال وجواب کا سیشن ہوا۔

### خطاب حضور انور ایّدہ اللہ تعالیٰ

آج کے روز چونکہ لجنہ اماء اللہ یوکے کا سالانہ اجتماع بھی منعقد ہو رہا تھا اس لیے انصار کو اجتماع گاہ میں بیٹھ کر اپنے وقت کے مطابق صبح سوا گیارہ بجے کے قریب حضور انور ایّدہ اللہ تعالیٰ کا لجنہ اماء اللہ یوکے کے اجتماع سے فرمودہ رُوح پرور خطاب براہِ راست سننے کی توفیق ملی۔ الحمد للہ علیٰ ذالک

### مجلس سوال وجواب

نمازِمغرب وعشاء کے بعد مکرم ومحترم امیر صاحب کی زیرِصدارت اجتماع گاہ میں سوال وجواب کی مجلس ہوئی۔جس میں مکرم عبد الرشید انورصاحب، نائب امیرومشنری انچارج کینیڈا اور مکرم ڈاکٹرمنصورقریشی صاحب صدر مجلس انصاراللہ امریکہ نے مکرم امیرصاحب کا ساتھ دیا اور پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیے۔ یاد رہے کہ مکرم ڈاکٹر منصور قریشی صاحب صدر مجلس انصار اللہ امریکہ مکرم صدر صاحب مجلس انصاراللہ کینیڈا کی خصوصی دعوت پر اجتماع میں شمولیت کی غرض سے تشریف لائے ہوئے تھے۔

اس سیشن کے آخرپر مکرم امیرصاحب نے علمی مقابلوں میں نمایاں پوزیشنز حاصل کرنے والے انصار میں انعامات تقسیم کیے۔

